اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۹﴾

یعنی) وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہو جاتے ہیں۔ سنو! اللہ ہی کے ذکر سے دل اطمینان پکڑتے ہیں۔)

Ar-Ra`d Verse 21



# NEWSLETTER

## July 2023

## Lajna Ima'illah Finland

# القرآن

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا
خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٨﴾

یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اور انہوں نے نماز کو قائم کیا اور زکوٰۃ دی' اُن کے لئے اُن کا اجر اُن کے ربّ کے پاس ہے۔ اور اُن پر کوئی خوف نہیں ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

Surely, those who believe and do good deeds, and observe Prayer and pay the Zakat, shall have their reward from their Lord, and no fear shall come on them, nor shall they grieve.

Al-Baqarah, verse 278

# ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

عَنْ أَبِیْ أَیُّوبَ، أَنَّ رَجُلاً، قَالَ یَا رَسُوْلَ اللهِ أَخْبِرْنِیْ بِعَمَلٍ یُدْخِلُنِیْ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعْبُدُ اللهَ وَلاَ تُشْرِكُ بِهِ شَیْئًا وَتُقِیْمُ الصَّلاَةَ وَتُؤْتِی الزَّكَاةَ وَتَصِلُ الرَّحِمَ۔

ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا: اللہ کے رسول! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیے جو مجھے جنت میں داخل کرے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، نماز قائم کرو، زکاۃ ادا کرو اور صلہ رحمی کرو۔

“Hazrat Abu Ayub(ra) narrates that a person once asked the Holy Prophetsa, ‘O Messenger of Allah, tell me of a deed that will gain me admittance to Paradise.’ The Holy Prophet(sa) replied: ‘Worship Allah and do not associate any [partner] with Him, establish salat, pay the zakat and uphold the ties of kinship.”

(Sunan al-Nasa’i, Kitab al-Salat, Hadith 468)

# ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایّدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز



امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایّدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 12 دسمبر 2003 میں فرمایا

پانچ وقت نمازوں کا حکم دے کر اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہی راستہ سکھایا ہے کہ شیطان سے بچنے کے لئے پانچ وقت میرے حضور حاضر ہو اور میرا فضل مانگو تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے محفوظ رہو گے، بہت ساری بُرائیاں تمہارے اندر نہیں جائیں گی۔ کیونکہ شیطان تو جسم کے اندر ہر وقت موجود ہے... جیسا کہ اس حدیث سے ظاہر ہے۔ حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ ایسی عورتوں کے ہاں نہ جاؤ جن کے خاوند غائب ہوں کیونکہ شیطان انسان کی رگوں میں خون کی مانند دوڑتا ہے۔

# اللہ ہی کے ذکر سے دل اطمینان پکڑتے ہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں؛

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ۔

الاعراف 206

یہ آیت جو میں نے تلاوت کی ہے، اس میں بھی اللہ تعالیٰ نے یہ توجہ دلائی ہے کہ عاجزی سے گڑگڑاتے ہوئے اور اللہ کا خوف دل میں قائم رکھتے ہوئے اللہ کا ذکر کرتے رہو اور صبح شام اس کی پناہ مانگو، اس سے مدد طلب کرو کہ وہ تمہیں صحیح راستے پر چلائے۔ اگر تم اس طرح نہیں کرو گے تو تم غافلوں میں شمار ہو گے۔

پس ہمیں صبح و شام اللہ کے ذکر میں مشغول رہنے اور اُس کے حکموں پر عمل کرتے ہوئے اپنی زندگی گزارنے کی کوشش کرنی چاہئے جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ ہمارے دن ڈرتے ڈرتے بسر ہونے چاہئیں یعنی یہ فکر ہو کہ اللہ ہماری کسی زیادتی کی وجہ سے ہم سے ناراض نہ ہو جائے اور جب یہ فکر ہو گی تو یقیناً اللہ تعالیٰ کا خوف بھی دل میں رہے گا اور اس کی یاد بھی دل میں رہے گی۔ اس کا ذکر بھی زبان پر رہے گا اور اس کے احکامات پر عمل کرنے کی کوشش بھی رہے گی۔ اس کی مخلوق سے اچھے تعلقات رکھنے کی طرف توجہ بھی رہے گی۔ نظام جماعت سے تعلق بھی رہے گا۔ خلافت سے وفا کا تعلق بھی رہے گا۔ تو یہ ساری باتیں اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں رکھنے کی وجہ سے پیدا ہوں گی۔

پھر آپؑ نے فرمایا ہے کہ تمہاری راتیں بھی اس بات کی گواہی دیں کہ تم نے تقویٰ سے

رات بسر کی۔ جب راتوں کو تقویٰ سے گزارنے کا خیال رہے گا تو ہر قسم کی لغویات اور بیہودگیوں سے انسان بچا رہے گا۔ آج کی دنیا میں ہزار قسم کی برائیاں اور آزادیاں ہیں اور ایسی دلچسپیوں کے سامان ہیں جو اللہ کے ذکر سے غافل رکھتے ہیں۔ پس یہ جو آج کل نام نہاد دنیا یا سوسائٹی میں چیزیں ہیں جس کو سوسائٹی میں بڑا رواج دیا Civilized سلجھی ہوئی جا رہا ہے اور بڑا پسند کیا جاتا ہے عورتوں مردوں کا میل ملاپ ہے، آپس میں گھلنا ملنا ہے، اٹھنا بیٹھنا ہے، نوجوانوں کا رات گئے تک مجلسیں لگانا ہے یہ سب چیزیں ایسی ہیں جو اللہ کے ذکر سے دور کرنے والی ہیں۔ پس ہر احمدی کو ہر وقت ایسی لغویات سے اپنے آپ کو بچا کر رکھنا چاہئے۔ ہر ایسی چیز جو آپ کے اندر پاک تبدیلی پیدا کرنے میں روک ہو اس سے بچنے کی کوشش کرنی چاہئے کیونکہ یہ چیزیں کبھی ذہنی سکون نہیں دے سکتیں۔ انسان سمجھتا ہے کہ شاید یہ دنیا کی مادی چیزیں حاصل کرکے اس کو ذہنی سکون مل جائے گا حالانکہ ان دنیاوی چیزوں کے پیچھے جانے سے انہیں مزید حاصل کرنے کی حرص بڑھتی ہے اور کیونکہ ہر کوئی ہر چیز حاصل نہیں کر سکتا، اس کوشش میں بے سکونی بڑھتی چلی جاتی ہے۔

اس ضمن میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ:

اللہ تعالیٰ کا ذکر ایسی شے ہے جو قلوب کو اطمینان عطا کرتا ہے"۔ فرمایا" پس جہاں تک ممکن ہو ذکر الٰہی کرتا رہے اسی سے اطمینان حاصل ہو گا۔ ہاں اسکے واسطے صبر اور محنت درکار ہے۔ اگر گھبرا جاتا اور تھک جاتا ہے تو پھر یہ اطمینان نصیب نہیں ہو سکتا"۔

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 240-239 ایڈیشن 1988ء)


پس مستقل مزاجی سے اللہ کا ذکر کرنا چاہئے۔ اگر بے صبری دکھائی جائے تو پھر اطمینان نصیب نہیں ہوتا۔ اگر بے صبری دکھاؤ گے تو پھر شیطان کے مقابلے کی طاقت نہیں رہے گی۔ اگر راستے میں ہی چھوڑ دو گے پھر پاک تبدیلیاں پیدا نہیں ہو سکیں گی۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (الرعد:29) کی حقیقت اور فلاسفی یہ ہے کہ "جب انسان سچے اخلاص اور پوری وفاداری کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے اور ہر وقت اپنے آپ کو اس کے سامنے یقین کرتا ہے اِس سے اس کے دل پر ایک خوف عظمت الٰہی کا پیدا ہوتا ہے۔ وہ خوف اُسکو مکروہات اور منہیات سے بچاتا ہے اور انسان تقویٰ اور طہارت میں ترقی کرتا ہے"۔

ملفوظات جلد 4 صفحہ 355 ایڈیشن 1988ء

# جلسہ سالانہ فن لینڈ 2023

جماعت احمدیہ میں جلسہ سالانہ کا قیام یقیناً ایک الٰہی سلسلہ ہے اور ملک ملک میں اس کا انعقاد جماعت احمدیہ کی صداقت کا بین ثبوت ہے۔ مورخہ 17 و 18جون2023ء بروز ہفتہ و اتوار جماعت احمدیہ فن لینڈ کو بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنا 11واں جلسہ سالانہ کامیابی کے ساتھ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔
























# جلسہ سالانہ ٹیم پکنک۔ لجنہ اماء اللہ و ناصرات الاحمدیہ













# Salat-The path to success and salvation

Hazrat Ameer-ul-Mu'mineen Hazrat Mirza Masroor Ahmad(aba) said:
... "Every believer; everyone, who believes in the life after death and the Last Day, should be fully focussed on fulfilling the rights of Allah the Almighty as well as the rights of His servants.
... Allah the Almighty has emphasised on regularity in salat, timely observance of all the prayers in congregation. The commandment is of qiyam-us salat [observing the prayer] and 'qiyam-us salat literally means to observe salat on time and in congregation.
The Promised Messiah (as) has stated that the weapon, which shall lead us to victory is prayer. The Promised Messiah (as) says: 'If you fail to heed to my words and do not infuse a pious reformation in you, it is worthless entering into my Bai'at (oath of allegiance).
Then the Promised Messiah (as) also states: "There is a hidden secret in the fact that man is always in search for things that would benefit him. That is why he seeks help from God Almighty as it is an undeniable fact that forging a connection


with God Almighty is equivalent to gaining something that is truly beneficial. Even if the entire world becomes the enemy of such an individual and sets out to destroy him, even then nothing can harm him. For the sake of such an individual, even if God Almighty has to destroy hundreds of thousands of people, He would do so..”

The Promised Messiah (as) states: ‘The proper method as stated in Islam is that one should read the Holy Quran and carefully ponder over its meaning and to adhere to whatever it states. Moreover, it is to observe Salat with complete attentiveness and to continue supplicating with concertation and penitence. Thus, it is only Salat which enables one to reach the spiritual apex.’

The Promised Messiah (as) states: ‘I tell you again that if you wish to establish a true relationship with God, hold fast to Salaat in such a way that your body and your tongue and the intentions of your soul and emotions should all become a true embodiment of Salat.’

May God Almighty enable every one of us to remain firm on true Tauhid and to safeguard our Salat and experience its delight. Instead of making others our idol, it should only be God Almighty who we believe to be truly worthy of worship.

# Tableegh report June 2023



By the Grace of Allah, Lajna Imaillah Finland was able to hold a brochure distribution day during the month of June.

On 10 June 2023 Lajna members from the metropolitan area gathered at Leppävaara station in Espoo. The programme started with silent prayer led by Respected National president Lajna, after which brief guidance regarding brochure distribution was given by National Secretary Tableegh. Multiple stations were established to maximise distribution during the allocated time. After one hour the programme came to an end with 109 brochures distributed - Alhamdolillah. With the completion of a successful Tableegh day, Lajna and Nasirat headed home after being served with some refreshments.

The event was attended by a total of 13 Lajna and 3 Nasirat from Majalis Helsinki and Espoo.

May Allah enable all of us to continue to spread the message of Islam Ahmadiyyat. Ameen.